سوال

(651) نظر بد لگ جانا بر حق ہے

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا یہ بات صحیح ہے کہ کافر مسلمان کو نظر بد نہیں لگا سکتا، اس کی دلیل کیا ہے ؟ کیا آیت سجدہ کی تلاوت کرتے ہوئے میں اپنی حالت کے مطابق ہی سجدہ کرسکتا ہوں یعنی سر اور جسم کو ڈھانپے بغیر بھی سجدہ کرسکتا ہوں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نہیں یہ بات صحیح نہیں ہے بلکہ کافر بھی لوگوں کی طرح نظر بد لگا سکتا ہے کیونکہ نظر بد کا لگ جانا بر حق ہے کسی بھی حالت میں سجدہ تلاوت کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے خواہ سر ننگا ہی کیوں نہ ہوں کیونکہ راجح قول کے مطابق اس سجدے کا حکم نماز کا نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص496

محدث فتویٰ